
# تتلی اردو ۳



EAST
MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM
علمی معیار، مسلم اقدار

# تتلی

میں بھی اب تتلی کے دوستوں میں شامل ہوں۔

میرا نام ______________ ہے

میں ________ کلاس میں پڑھتا/پڑھتی ہوں۔



# دیباچہ

مزیدار کہانیاں، نظمیں اور گیت۔ خوبصورت ڈیزائن اور گرامر کی آسان مگر اچھی مشقیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ایسی کہانیاں جو آپ خود لکھ سکیں گے۔ بہت مزہ آئے گا آپ کو۔

یہ کتاب آپ کی پسندیدہ ترین کتاب ہوگی، جسے آپ بار بار مزے سے پڑھیں گے۔ انشاءاللہ، اور پھر اس کتاب کے آخر تک تو آپ خود بھی لکھنا شروع کر دیں گے۔ یہ اور بھی مزے کی بات ہے۔ تو چلیے کتاب شروع کرتے ہیں۔



# فہرست


۱ ..... وہی تو ہے ..... 1-6

۲ ..... پیغام آگیا ..... 7-11

۳ ..... تحفہ ..... 12-18

۴ ..... سکون کا سانس ..... 19-23

۵ ..... ڈولفن ..... 24-29

۶ ..... ایک سا کام ..... 30-34

۷ ..... دُھن ..... 35-40

۸ ..... تنہائی ..... 41-46

۹ ..... تسلّی ..... 47-52

۱۰ ..... ساتھی ..... 53-58

۱۱ ..... انجام ..... 59-65

۱۲ ..... قد ..... 66-73

۱۳ ..... حکیم محمد سعید ..... 74-80

۱۴ ..... گیت پرانا ..... 81-86

باب نمبر ۱۰

# ساتھی



کوڑے دان زمین پر اوندھا پڑا تھا۔ برابر والے درخت پر ایک پلاسٹک کی خالی تھیلی جھول رہی تھی۔ شام تک نہ کسی نے کوڑے دان کو سیدھا کیا۔ نہ تھیلی کو کوڑے دان میں ڈالا۔ رات ہوئی تو دونوں نے باتیں شروع کیں۔

تھیلی، "اُف اللہ، صبح سے لٹکی ہوئی ہوں۔ کسی کو خیال نہیں میری تکلیف کا۔"

کوڑے دان، "میں بھی تو اوندھے منہ پڑا ہوں۔ کسی نے مجھے سیدھا کرنے کی زحمت نہیں کی۔"

تھیلی، "ہاں شاید سب مصروف ہیں اپنے کاموں میں۔"

کوڑے دان، "مگر مجھے تو سیدھا کر دیتے۔ میں بھی کوئی کام کی چیز ہی ہوں نا؟"

تھیلی، "ہاں، یہ تو ہے، تمہارے ہونے سے کوڑا نہیں پھیلتا۔"

کوڑے دان، "یہ بھی خوب کہا تم نے، مگر کسی کو میرا خیال ہی نہیں۔"

تھیلی، "دیکھو افسردہ مت ہو۔ تم پھر بھی زمین پر ہو۔ میں آسمان اور زمین کے درمیان ہوں۔"

کوڑے دان، "ہاں مجھے تمہاری تکلیف کا احساس ہے۔ میرے اگر ہاتھ ہوتے تو تمہیں کم از کم نیچے تو اُتار لیتا۔"

تھیلی، "تم کتنے اچھے ہو۔ اپنی تکلیف بھول کر میری پرواہ میں لگے ہو۔ لیکن تمہاری یہ حالت ہوئی کیسے؟"

کوڑے دان، "میں تو مزے سے اپنی جگہ بیٹھا ہوا تھا، کہ دو شرارتی بچے آئے اور مجھ سے ٹکرا گئے۔"

تھیلی، "اوہو۔"

کوڑے دان، "تم بتاؤ اتنا اوپر کیسے پہنچ گئیں؟"

تھیلی، "میں ایک بچے کے ہاتھ میں تھی کہ اُس نے میرے اندر رکھی کھانے کی چیز نکالی اور مجھے ہوا میں اُڑا دیا۔ ہوا نے مجھے درخت سے لٹکا دیا۔"

کوڑے دان، "شاید کوئی ہماری مدد کو آجائے۔"

تھیلی، "تم مجھے نظر نہیں آرہے ٹھیک سے۔ تم اندر سے کیسے ہو۔"

کوڑے دان، "میں اتنا اچھا ہوں کہ سارا کوڑا مجھ میں سما جاتا ہے اور گھر صاف ہو جاتا ہے۔"

تھیلی، "واہ، تو پھر مجھے بھی تم جگہ دو گے نا؟"


کوڑے دان، "پہلے نیچے تو اُتر آؤ۔ میں تو درخت پر آنے سے رہا۔"

تھیلی، "شکر ہے اِس مصیبت میں کوئی ہنسانے والا تو ملا۔"

کوڑے دان، "شکریہ"

تھیلی، "شکریہ تب ادا کرنا، جب میں نیچے اُتر جاؤں۔"






ایک دم ہوا چلی تو تھیلی اُڑ کے خود ہی کوڑے دان کے پاس آ گری۔
کوڑے دان، "شکر ہے تمہاری مشکل آسان ہوئی۔"
تھیلی، "اللہ کرے کوئی تمہاری مدد کو بھی آ جائے۔"
کوڑے دان، "سنو سنو، خاموش ہو جاؤ، کوئی آ رہا ہے۔"
تھیلی، "ایک دم خاموش ہو گئی۔"
اچانک کوئی آیا۔ کوڑے دان کو سیدھا کیا۔ اُس میں آم کے چھلکے ڈالے اور پاس پڑی تھیلی کو بھی کوڑے دان میں ڈال دیا۔

تفہیم

درج ذیل الفاظ کے معانی لکھیے اور جملوں میں استعمال کیجیے۔

| الفاظ | معانی | جملے |
|---|---|---|
| کوڑے دان | | |
| اوندھا | | |
| زحمت | | |
| مصروف | | |
| مصیبت | | |





**درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔**

سوال ۱۔ خالی تھیلی کہاں جھول رہی تھی؟

سوال ۲۔ کوڑے دان کس طرح اوندھا ہوا؟

سوال ۳۔ اگر کوڑے دان نہ ہو تو کیا ہو؟

سوال ۴۔ پلاسٹک کی تھیلی استعمال کرنے کے نقصانات لکھیں۔

**برائے اساتذہ:** بچوں میں مختلف صلاحیتیں پروان چڑھانے والے سوالات درج ذیل ہیں۔ پہلے یہ سوال زبانی پوچھیں، اور جن سوالات کے ایک سے زیادہ جواب دیے جاسکتے ہیں، اُن کے مختلف جواب بچوں سے لیں۔ ہر بچے کو گفتگو میں شامل کریں۔ پھر یہ سوالات اور ان کے جوابات بورڈ پر لکھیں۔

سوال ۱۔ اِس سبق میں کس موضوع پر بات ہو رہی ہے؟

سوال ۲۔ اس سبق کا اختتام صحیح ہوا یا کچھ اور ہونا چاہیے تھا؟

سوال ۳۔ اِس سبق سے ہمیں کیا پیغام ملتا ہے؟

سوال ۴۔ بتائیے یہ جملے کس نے کہے؟

”دیکھو افسردہ مت ہو۔ تم پھر بھی زمین پر ہو۔ میں آسمان اور زمین کے درمیان ہوں۔“

سوال ۵۔ بتائیے یہ بات چیت کہاں ہوئی؟ ماحول کی شناخت کیجیے۔

درج ذیل جملوں پر درست (✓) یا غلط (X) کے نشان لگائیے۔

۱۔ کوڑے دان زمین پر اوندھا پڑا تھا۔ ( )

۲۔ دروازے پر ایک پلاسٹک کی خالی تھیلی جھول رہی تھی۔ ( )

۳۔ بارش نے مجھے درخت سے لٹکا دیا۔ ( )

۴۔ دو شرارتی بچے کوڑے دان سے ٹکرائے۔ ( )

۵۔ ہوا چلی تو تھیلی اُڑ کر کوڑے دان کے پاس آ گری۔ ( )





الفاظ سازی

## ذخیرۂ الفاظ

آؤ بچو! "ا" کی جگہ "ی" اور "ے" لگا کر نئے الفاظ بنانا سیکھیں۔

**"ا" کی جگہ "ے" کے الفاظ**

| | |
|---|---|
| چھوٹا | چھوٹے |
| گورا | ______ |
| کالا | ______ |
| تارا | ______ |
| چوڑا | ______ |
| میٹھا | ______ |

**"ی" کے الفاظ**

| | |
|---|---|
| لمبا | لمبائی |
| موٹا | ______ |
| اچھا | ______ |
| بڑا | ______ |
| چوڑا | ______ |
| برا | ______ |




## "آنے والا وقت"

"میں سائیکل چلاؤں گا" آپ نے دیکھا اِس جملے میں آنے والے وقت کا ذکر ہو رہا ہے۔
ایسے جملے جن کے آخر میں "گا"، "گی"، "گے"، "آئے"، "فعل مستقبل" کہلاتے ہیں۔

ان جملوں کو فعل مستقبل میں لکھیں۔

۱۔ میں دودھ پی رہا تھا۔ ۲۔ میں گڑیا سے کھیل رہی تھی۔ ۳۔ مزدور کام کر رہے ہیں۔
۴۔ ہم لاہور جا رہے ہیں۔ ۵۔ ہم اِملا کر رہے ہیں۔

## "جملوں میں 'کا' 'کی' 'کے' اور 'کو' کا استعمال"

یہ الفاظ کسی جملے میں شخص اور چیز کے تعلق کو ظاہر کرتے ہیں۔

درج ذیل جملوں میں 'کا' 'کی' 'کے' اور 'کو' مناسب جگہوں پر لکھیے۔

یہ آصف ----- گھر ہے۔ یہ ناصر ----- چھوٹا بھائی ہے۔
یہ نجمہ ----- سائیکل ہے۔ یہ ثریا ----- چھوٹی بہن ہے۔
یہ ثریا ----- کھلونے ہیں۔ اسکول ----- دروازہ پر چوکیدار ہے۔
احمد ----- کھانا دو۔ رابعہ کی کتابیں ثریا ----- دے دو۔






الماری کے پٹ کھلے ہیں اور اندر کچھ نہیں۔ جبکہ باہر کپڑے بکھرے ہوئے ہیں۔ باہر بکھرے کپڑوں میں سے ایک سوئٹر الماری سے گفتگو کرتا ہے۔ تھیلی کی طرح اُس کی بھی خواہش ہے کہ کوئی اُسے الماری میں ٹانگ دے۔
جبکہ الماری کی خواہش ہے کہ اُس کے پٹ بند ہوں۔ دونوں ایک دوسرے سے کیا باتیں کریں گے؟ مکالمہ لکھیے۔



یہ کتاب مندرجہ ذیل مہارتوں اور صلاحیتوں کا احاطہ کرتی ہے۔

| نمبر | سبق کے نام | زندگی گزارنے کی مہارتیں | گرامر | تخلیقی لکھائی |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | وہی تو ہے | خود اعتمادی | دو الفاظ کا ایک لفظ<br>جملوں میں 'تھا'، 'تھی'، 'تھے'، 'ہے' اور "گا" کا استعمال | حمد |
| ۲ | پیغام آ گیا | جذبات منظم کرنا | اسم، اسمِ معرفہ اور اسمِ نکرہ، صفت | مضمون |
| ۳ | تحفہ | دوسروں کی فکر | واحد جمع، فعل | کہانی |
| ۴ | سکون کا سانس | مشکلات پر قابو پانا،<br>انتظام کا احساس | تشبیہ، "میں" کا استعمال | ڈائری |
| ۵ | ڈولفن | تنقیدی سوچ | اجتماعی نام | مضمون |
| ۶ | ایک سا کام | دوسروں کی فکر،<br>رشتوں کا فروغ | محاورات | خط |
| ۷ | دھن | احساسِ ذمہ داری | متضاد الفاظ، فاعل | مضمون |
| ۸ | تنہائی | اجتماعی کام، رابطہ | جملے کے دو حصے، حکمیہ جملے | خط |
| ۹ | تسلی | خود اعتمادی، رابطہ،<br>انتظام کا احساس | "اور" کا استعمال | مکالمہ |
| ۱۰ | ساتھی | احساسِ ذمہ داری، رابطہ | آنے والا وقت<br>جملوں میں 'کا' 'کی' 'کے' اور 'کو' کا استعمال | مکالمہ |
| ۱۱ | انجام | لچک، کردار | مذکر مؤنث | آپ بیتی |
| ۱۲ | قد | خود اعتمادی | گزرا ہوا وقت | کہانی |
| ۱۳ | حکیم محمد سعید | خدمت کرنا سیکھنا، کردار | جملے بنائیے | مضمون |
| ۱۴ | گیت پرانا | ہمدردی | قافیے کا ساتھی | نظم |

# جماعت سوم اُردو میں شامل انٹرنیشنل کامن کور کے معیارات

| نمبر شمار | معیارات |
|---|---|
| 1 | مُطالعہ متن بنیادی خیال اور تفصیلات<br>CCSS-ELA-LITERACY.RL.3.1<br>تحریر کے بنیادی نکات کے بارے میں سوال کرنا اور پوچھے گئے سوالات کا جواب دینا جن سے تحریر کی صحیح وضاحت ہو۔<br>CCSS.ELA-LITERACY.RL.3.2<br>سنی اور پڑھی ہوئی لوک کہانیوں اور قصوں کو اس طرح سنانا کہ ان سے معاشرتی رنگ اور سبق آموز باتیں واضح ہوں۔ جن کی تحریر میں خاص طور پر وضاحت کی گئی ہو۔<br>CCSS.ELA-LITERACY.RL.3.3<br>کہانی اور قصوں کو بیان کرتے وقت اُن کے کرداروں کی عادات، ارادے، احساسات وغیرہ بیان کرنا۔ |
| 2 | جملوں اور متن کی خاص بناوٹ<br>CCSS.ELA-LITERACY.RL.3.4<br>جملوں اور الفاظ کے معانی واضح کرنا۔ جس طرح تحریر میں بیان ہوں اور صحیح جملوں اور محاوروں کو سمجھنا۔ |
| 3 | قابلیت اور خیالات کا یکجا ہونا<br>CCSS.ELA-LITERACY.RL3.7<br>تحریر میں بیان ہوئے ہر پہلو سے الفاظ کے استعمال کو خصوصی طور پر بتانا۔ مثلاً کس طرح الفاظ کے چناؤ سے ایک ماحول تخلیق ہوتا ہے۔ |
| 4 | پیچیدہ اور مشکل تحریر پڑھنے کی صلاحیت<br>CCSS.ELA-LITERACY.RL.3.10<br>سال کے آخر تک ہر طرح کی تحریر مثلاً ڈراما اور نظم کو پڑھنے اور سمجھنے کی صلاحیت ہونا۔ |
| 5 | معلومات اور خیالات کا یکجا ہونا<br>CCSS.ELA-LITERACY.R1.3.9<br>دو ایک سی تحریروں کا تقابلی موازنہ کرنا اور بنیادی پہلوؤں کو واضح کرنا جو کہ موضوع ایک ہونے کے باوجود مختلف ہوں۔ |
| 6 | مطالعہ۔ بنیادی صلاحتیں<br>CCSS.ELA-LITERACY.RF.3.3.C / CCSS.ELA-LITERACY.RF.3.3<br>گریڈ کے لحاظ سے استعمال ہونے والے الفاظ اور ان کی آوازوں کو پہچان سکے۔ |
| 7 | روانی سے پڑھنا<br>CCSS.ELA-LITERACY.RF.3.4.A / CCSS.ELA-LITERACY.RF.3.4<br>CCSS.ELA-LITERACY.RF.3.4.C / CCSS.ELA-LITERACY.RF.3.4.B<br>کسی تحریر کو روانی کے ساتھ صحیح اور سمجھ کر پڑھنا۔ |
| 8 | لکھنا۔ مختلف اقسام کی تحریر اور مقاصد۔<br>CCSS.ELA-LITERACY.W.3.1.D / CCSS.ELA-LITERACY.W.3.1<br>کسی موضوع پر لکھتے ہوئے دلائل کے ساتھ اپنی رائے دینا۔ |
| 9 | تحریر کی تیاری اور تقسیم<br>CCSS.ELA-LITERACY.W.3.4<br>بڑوں کی رہنمائی اور مدد سے لکھنا، جس میں تحریر کا مقصد واضح ہو۔ اور جماعت سوم کے معیار کو برقرار رکھا گیا ہو۔ |
| 10 | مطالعہ۔ بولنا، سننا، سمجھنا اور تعاون کرنا۔<br>CCSS.ELA-LITERACY.SL.3.1.A / CCSS.ELA-LITERACY.SL.3.1<br>اساتذہ یا ساتھی طلبہ کے ساتھ بات کرنا اور سب کے ساتھ باہمی گفتگو میں بھرپور حصہ۔ اور دوسروں کی بات توجہ سے سننا اور اس کو اہمیت دینا۔<br>CCSS.ELA-LITERACY.SL.3.2<br>بلند آواز میں پڑھتے ہوئے اہم باتوں پر خاص زور دینا۔ تاکہ مرکزی خیال کی وضاحت ہو جائے۔ تصاویر کی مدد سے بھی بات کی وضاحت کرنا۔ دیگر ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے بھی ان سب باتوں کا خیال رکھنا۔ |

| | |
|---|---|
| 11 | زبان۔ ذخیرہ الفاظ اور اس کا استعمال<br>CCSS.ELA-LITERACY.L.3.1.A / CCSS.ELA-LITERACY.L.3.1<br>CCSS.ELA-LITERACY.L.3.4<br>لکھتے یا بولتے ہوئے اردو زبان کے روایتی جملوں کا استعمال اور قواعد پر مکمل عبور ہونا۔ |
| 12 | زبان و قواعد<br>CCSS-ELA-LITERACY.L.3.1.A<br>قواعد کی تفصیلات بتاتے ہوئے اسم، اسم ضمیر، فعل، متعلق فعل، حرف، ربط کا ذکر کریں اور جملے میں استعمال کر کے بتائیں۔ |

## جماعت سوم اُردو میں شامل قومی نصاب کے معیارات

**سننا**

ا۔ طویل جملوں پر مشتمل عبارت، واقعہ یا کہانی سُن کر اس کے اجزاء مثلاً کردار، مقامات، افراد، واقعات وغیرہ پر اپنے ردِعمل کا اظہار کر سکے۔

۲۔ طویل گفتگو یا تقریر سُن کر اس کے اجزاء (ابتداء، اہم نکات، نتائج) اخذ کر سکے۔

۳۔ سنی ہوئی کہانی / قصہ / گفتگو کا تجزیہ کر سکے اور سوالات کے جوابات دے سکے۔

۴۔ ایک جملے میں ایک سے زائد ہدایات سن کر ان پر عمل کر سکے۔

**بولنا**

ا۔ توجہ سے سن کر اپنے ردِعمل / خیالات کا اظہار درست تلفظ اور لب و لہجے سے کر سکے۔

۲۔ کسی کہانی یا عبارت کو اپنے الفاظ میں مناسب لب و لہجے، تلفظ اور آہنگ سے بیان کر سکے۔

۳۔ کہانی سن کر دوبارہ وہی کہانی خاص خاص نکات سمیت زبانی سنا سکے۔

**پڑھنا**

ا۔ اپنی جماعت کے مطابق 70 یا زائد الفاظ پر مشتمل عبارت ایک منٹ میں روانی سے پڑھ سکے۔

۲۔ نظم و نثر کو تلفظ، آہنگ، لے اور روانی سے پڑھ سکے۔

۳۔ اُردو میں لکھے ہوئے کسی بھی پیغام، عبارت یا علامت کو سمجھ کر روانی سے پڑھ سکے۔

۴۔ نظم و نثر کو پڑھ کر سوالات کے درست جوابات دے سکے۔

۵۔ کہانی، مکالمے وغیرہ کو پڑھ کے نتائج اخذ کر سکے۔

**لکھنا**

ا۔ اپنے اردگرد کے ماحول کے بارے میں کسی موضوع پر کم از کم دس جملوں پر مشتمل مربوط عبارت لکھ سکے۔

۲۔ اپنی جماعت کے معیار کے مطابق املا کر سکے۔

۳۔ ایک سے پچاس تک گنتی اُردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکے۔

**تقریر**

ا۔ اپنے ماحول سے متعلق کسی موضوع پر ایک منٹ تک بول سکے۔

۲۔ اپنے پسندیدہ موضوع پر درست لب و لہجے، صحیح تلفظ اور اعتماد کے ساتھ بات کر سکے۔

**زبان شناسی**

ا۔ سادہ جملوں کو زمانہ ماضی، حال اور مستقبل کے لحاظ سے تبدیل کر سکے۔

۲۔ استفہامی، اقراری اور انکاری جملوں میں فرق کر سکے۔

۳۔ واحد جمع، متضاد اور تذکیر و تانیث کا استعمال جملوں میں کر سکے۔

**تخلیقی لکھائی**

ا۔ کسی منظر یا منظر کی تصویر دیکھ کر کم از کم دس جملوں پر مشتمل عبارت لکھ سکے۔


۲۔ ماحول سے متعلق کسی موضوع پر خود سے کم از کم دس جملوں پر مشتمل عبارت لکھ سکے۔

http://moent.gov.pk/userfiles1/file/Urdu%20Curriculum%20(20-09-17).pdf

# زندگی گزارنے کی مہارتیں تتلی سلیبس کا حصّہ ہیں۔




# تتلی سلیبس میں شامل ۱۲ اصنافِ ادب



# تتلی

## اردو سلسلہ سال سوم

ذہن کی کشتِ ویران میں ٹپکیں خیال کی چند بوندیں اور تخلیق کیا گلشن۔ وہاں سے چنیں کچھ کلیاں کوئل نے، کچھ بلبل نے اور سنایا اپنی سہیلی تتلی کو ایک گیت، تھوڑا دل رُبا، تھوڑا غم ناک۔ اس گیت نے قوسِ قزح سے لیے کچھ رنگ دریائے تندو تیز سے کچھ انداز اور اس کتاب کی صورت میں رونما ہوا۔

ذرا اسے بچے کے ہاتھ میں تھما دیجیے۔ کہتے ہیں تخلیق کا ایک سیلِ رواں ہے جو اس کے ذہن میں خوابیدہ کسی مرغِ چمن کی آواز کا منتظر ہوتا ہے۔ کیا پتہ یہ گیت اس کے ذہن کو بھی روشن کر دے۔

اِس کتاب کے مکمل تعلیمی معاونات کا سیٹ اور اساتذہ کی تربیت کے لیے ہماری ویب سائٹ east.education دیکھیں۔

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔
اس کتاب کا کوئی حصہ نقل، فوٹو کاپی،
محفوظ یا ترسیل کرنے کی اجازت نہیں۔
پاکستان میں شائع کی گئی۔

ہیڈ آفس:
B-29، بلاک 3، گلشنِ اقبال، کراچی۔
021-34990387, +92 335 2030338
http://east.education

کراچی: 021-34970331, +92 334 2343488
لاہور: 042-37111256, +92 312 4685035
اسلام آباد: +92 333 8752228
سیالکوٹ: +92 335 4479245
فیصل آباد: +92 321 6677645
ملتان: +92 334 6126479

EAST
MONTESSORI & PRIMARY CURRICULUM
عالمی معیار، مسلم اقدار